ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((364

30-06-2022

بہاول پور() پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، منشیات، ناجائز اسلحہ اور پتنگیں معہ دھاتی ڈور برآمد، مقدمات درج، دستیاب وسائل کو بروئے کارلاتے ہوئے ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں، تاکہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ڈی پی او عبادت نثار۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کی پالیسی "جرائم سے پاک معاشرہ" پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے، تھانہ صدر حاصلپور عنائتی پولیس نے منشیات فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان سہیل اور اختر کو گرفتار کر کے قبضہ سے 1460 گرام چرس برآمد کرلی۔تھانہ ڈیرار پولیس نے شراب فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزم عرفان نذیر کو گرفتار کر کے قبضہ سے 25 لیٹر شراب برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ سٹی حاصلپور، سول لائنز، صدر یزمان اور بغدادالجدید پولیس نے اسلحہ غیر قانونی رکھنے والے ملزمان اعجاز، غلام مصطفی، احمد شیراز، شہناز، بلال اور رجب علی کو گرفتار کر کے قبضہ سے 06 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لیے۔جبکہ تھانہ کوتوالی پولیس نے کائٹ فلائنگ ایکٹ کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ملزم سجاد کو گرفتار کر کے پتنگیں و کیمیکل ڈور برآمد کرلی۔متعلقہ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید بڑی کارروائیاں کریں تاکہ بہاول پور منشیات جیسی لعنت سے پاک کیا جاسکے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس /شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((365

30.06.2022

بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی کھلی کچہری، 23 شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے، انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا ہے، ڈی پی او عبادت نثار

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او عبادت نثار کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری، جس میں 23 شہریوں نے شرکت کی۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری میری اولین ترجیح ہے تاکہ دور دراز سے آنے والے شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دادرسی کی جا سکے۔ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو بنیادی اصول بناتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔عام آدمی کو اس کی دہلیز پر انصاف کی بروقت فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈی پی او عبادت نثار اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنتے ہوئے۔